رہبر معظم انقلاب اسلامی سے پاکستان کے صدر آصف علی زرداری کی ملاقات - 25 /Jun/ 2011

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے آج سہ پہر کو پاکستان کے صدر جناب آصف علی زرداری کے ساتھ ملاقات میں ، ایران اور پاکستان کی دو قوموں کے تاریخی ، ثقافتی اور مذہبی روابط کو دونوں ممالک کے باہمی تعاون کے زیادہ سے زیادہ فروغ کا باعث قراردیا اور تہران اور اسلام آباد کے درمیان تمام شعبوں میں باہمی روابط کو مضبوط بنانے پر تاکید کیہ

رہبر معظم انقلاب اسلامی نے پاکستانی قوم کے باہمی اتحاد کو امریکیوں کے شوم منصوبوں کی ناکامی کا باعث قراردیتے ہوئے فرمایا: امریکہ پاکستانی قوم کے درمیان اختلافات پیدا کرکے اپنے ناپاک عزآئم تک پہنچنے کی تلاش و کوشش میں ہے لیکن واشنگٹن کی پلید نیات کے بارے میں پاکستانی قوم کی آگاہی ، امریکہ کی تسلط پسندی کے خلاف اس میں مزید استقامت و پائداری کا حوصلہ پیدا کرےگیہ

پاکستان کے صدر جناب آصف علی زرداری نےایران اور پاکستان کی دو قوموں کے باہمی روابط کو مضبوط تاریخی اور ثقافتی بنیادوں پر استوارقراردیتے ہوئے کہا: یہ روابط مستقبل میں مزید مضبوط اور درخشاں ہوجائیں گےہ